وَاِنْ كُنْتُمْ	فِىْ رَيْبٍ	مِّمَّا	نَزَّلْنَا	عَلٰى عَبْدِنَا	فَاْتُوْا	بِسُوْرَةٍ
اور اگر تم ہو	شک میں	اس سے جو	ہم نے اتارا	اپنے بندے پر	تو لے آؤ	ایک سورت

مِّنْ مِّثْلِهٖ ۠	وَادْعُوْا	شُهَدَآءَكُمْ	مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ	اِنْ كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ (23)
اس جیسی،	اور بلا لو	اپنے مددگاروں کو	اللہ کے علاوہ	اگر تم ہو	سچے۔

مختصر شرح

- قرآن کے بارے میں شروع میں ہی اللہ نے کہا کہ لَا رَيْبَ فِيْهِ یعنی کوئی شک نہیں ہے اس میں۔ اب اسی ریب (شک وشبہ) کا ذکر ہو رہا ہے کہ اگر تم کو شک ہو تو اللہ کے علاوہ اپنے گواہوں اور اپنے مددگاروں، سب کو بلا لو اور قرآن کی جیسی کوئی ایک سورت لے کر آؤ۔
- نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا: یہ رسالت کا ذکر ہے کہ ہم نے ہمارے بندے پر (یعنی رسول پر) نازل کیا ہے۔ پچھلی آیات میں توحید کا ذکر تھا۔

قرآن - ایک زندہ معجزہ

- قرآن میں کئی سائنسی حقائق پیش کیے گئے ہیں جو حال ہی میں دریافت کیے گئے ہیں۔ قرآن کی تاریخی پیشین گوئیاں صحیح ثابت ہوئی ہیں۔ اس میں حیرت انگیز عددی معجزات ہیں۔
- قرآن ہر قسم کی عربی گرامر کی غلطیوں سے پاک ہے، بلکہ عربی گرامر میں یہ اتنی مضبوط کتاب ہے کہ سارے عربی قواعد اسی کو دیکھ کر بنائے گئے ہیں۔ عربی گرامر میں صرف زبر، زیر، پیش کے فرق سے معانی میں بہت فرق آجاتا ہے۔ بعض صورتوں میں عربی کے یہ قواعد اتنے باریک ہوتے ہیں کہ عرب کے بہت سارے پڑھے لکھے لوگ بھی تقریروں میں گرامر کی غلطیاں کر دیتے ہیں۔ جبکہ حضرت محمد ﷺ نہ پڑھ سکتے تھے اور نہ ہی لکھ سکتے تھے، یعنی آپ کو مضمون تیار کر کے اسے دہرانے کا بالکل موقع نہیں تھا۔
- ہم کسی موضوع پر ایک منٹ بغیر رُکے اور بغیر آ آ آ، مم کہے بات نہیں کر سکتے، کسی عنوان پر کچھ لکھنا ہو تو بار بار اس کی اصلاح کرتے ہیں۔ جبکہ قرآن مجید کا حال یہ ہے کہ بعض وقت قرآن کی کئی بڑی سورت یا کئی آیات ایک ہی بار میں نازل ہوئی ہیں۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ ایک شخص جس کو پڑھنا لکھنا نہ آتا ہو، وہ بالکل پرفکٹ مضمون بیان کرے، اور وہ بھی کئی صفحات کا!
- قرآن ہمیں زندگی کا مکمل نظام سکھاتا ہے جس میں عبادات، حقوق اور قوانین وغیرہ سب کچھ شامل ہیں۔
- جب آپ قرآن کی تلاوت کرتے ہیں تو یہ آپ کو بہت گہرائی میں لے کر جاتا ہے اور انسانی وجود کے ہر پہلو پر روشنی ڈالتا ہے۔ دل و دماغ، احساسات وجذبات وغیرہ سب کو اپیل کرتا ہے۔
- 23 سال کی مدت تک قرآن نازل ہوتا رہا مگر اس میں بھی کہیں بھی کوئی تضاد نہیں، یعنی اس کے مضامین میں کوئی ٹکراؤ نہیں۔
- یہی ایک مذہبی کتاب ہے جو تقریباً چودہ سو سال سے اپنی اصلی حالت میں محفوظ ہے۔ یہ وہ واحد کتاب ہے جس کی کروڑوں لوگ تلاوت کرتے ہیں اور لاکھوں لوگ اس کو زبانی یاد کرتے ہیں۔

اگر آپ سمجھ کر قرآن کی تلاوت کریں گے تو کیا ہوگا!

- جس انسان نے اس پر سب سے پہلے عمل کیا (حضرت محمد ﷺ) وہ تمام مذہبی شخصیات میں سب سے زیادہ کامیاب انسان بن گئے۔ یہ بات مسلمانوں نے نہیں بلکہ غیر مسلموں کے علمی اداروں نے کہی ہے، مثلاً انسائیکلوپیڈیا بریٹانیکا (گیارہواں ایڈیشن: قرآن کے موضوع پر)
- جن لوگوں نے اس پر عمل کیا وہ پچاس سال کے اندر اندر ساری دنیا کے قائد بن گئے اور تقریباً ہزار سال تک ان کی قیادت باقی رہی۔
- قرآن آپ کو نیکیوں کی ترغیب دیتا ہے، آپ میں ہمت و حوصلہ پیدا کرتا ہے، امیدوں کو جگاتا ہے اور اچھے اخلاق، صحیح سمجھ اور روحانیت کی بلندیوں تک لے جاتا ہے۔
- قرآن آپ کو ایک مفکر بناتا ہے۔ دنیا میں آپ کی حیثیت اور آپ کے آنے کے مقصد کو سمجھنے میں مدد کرتا ہے۔ زندگی کا مقصد واضح کرتا ہے اور اسے کس طرح گزارنا ہے اس کے طریقے بتاتا ہے۔ آپ کو حقیقی خوشی اور سکون بخشتا ہے۔
- قرآن سب سے بہترین کتاب ہے۔ اور سب سے حیرت انگیز بات یہ کہ جس نبی پر قرآن نازل ہوا وہ نہ تو لکھنا جانتے تھے اور نہ پڑھنا، جس مقام پر آپ کی پرورش ہوئی وہ اقتصادی یا سیاسی طور پر دیگر علاقوں سے کٹا ہوا تھا، اور تعلیمی طور پر کافی پسماندہ تھا۔ وہاں نہ کوئی اسکول تھا نہ ہی کوئی کالج یا یونیورسٹی۔ اس وجہ سے اس میں کوئی شک نہیں کہ قرآن مجید صرف اور صرف اللہ ہی کی طرف سے ہے۔

اسباق، دعا اور پلان: ان آیات سے کئی اسباق، دعائیں اور پلانس بنائے جاسکتے ہیں۔ نیچے بطور مثال صرف چند کا ذکر ہے۔

- قرآن کا چیلنج: اس کی طرح کوئی ایک سورت لاؤ! اگر تم چاہو تو، اس کے لیے اپنے تمام مددگاروں، تحقیق کرنے والوں اور فلسفیوں کو جمع کرلو۔
- نبوت کا ثبوت (نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا): یعنی اللہ نے فرمایا کہ یہ قرآن ہم نے ہمارے بندے (محمد ﷺ) پر نازل کیا ہے۔
- عَبْدِنَا میں نبی ﷺ سے اللہ تعالیٰ کی محبت کا اظہار بھی ہے

دعا: اے اللہ! قرآن کے تعلق سے میرے ایمان میں زیادتی فرما اور اپنی زندگی کو قرآن کی روشنی میں گزارنے میں میری مدد فرما!

پلان: ان شاء اللہ! میں اللہ تعالیٰ کے اس پیغام کو دوسروں تک پہنچاؤں گا۔

اسماء وافعال: اس سبق کی آیات میں آنے والے کچھ اسماء اور افعال نیچے دیے گئے ہیں۔

اسماء		
واحد	جمع	معانی
عَبْد	عِبَاد	بندہ
سُوْرَة	سُوَر	سورہ
شَهِيْد	شُهَدَاء	گواہ
صَادِق	صَادِقُوْن، صَادِقِيْن	سچا

افعال: ہر فعل کے تحت دیے گئے تین افعال اور تین اسماء کی TPI کے ساتھ مشق کیجیے								
تکرار	مادہ اور کوڈ	فعل ماضِ	فعل مضارع	فعل امر	اسم فاعل	اسم مفعول	کام کا نام	معانی
89	ص د ق / ذ	صَدَقَ	يَصْدُقُ	اُصْدُقْ	صَادِق	مَصْدُوْق	صِدْق	سچ بولنا
1358	ك و ن / قا	كَانَ	يَكُوْنُ	كُنْ	كَائِن	–	كَوْن	ہونا
264	أ ت ي / هد	أَتٰى	يَأْتِيْ	اِيْتِ	اٰتٍ	مَأْتِيّ	إِتْيَان	آنا
199	د ع و / دع	دَعَا	يَدْعُوْ	اُدْعُ	دَاعٍ	مَدْعُوّ	دُعَاء	بلانا